نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت نے کپاس کو سفید مکھی کے حملہ سے بچانے کے لیے 6 رہنما اصول مرتب کر دیے

یہ رہنما اصول ماہرین اور سائنسدانوں کی سفارشات کی روشنی میں مرتب کیے گئے ہیں

ان اصولوں پر عمل کر کے کسان کپاس کو سفید مکھی کے حملے سے بچا سکتا ہے

لاہور 3 مارچ 2017: محکمہ زراعت نے کپاس کو سفید مکھی کے حملہ سے بچانے کے لیے 6 رہنما اصول مرتب کر دیے ہیں۔یہ رہنما اصول ماہرین اور سائنسدانوں کی سفارشات کی روشنی میں مرتب کیے گئے ہیں۔ان اصولوں پر عمل کر کے کسان کپاس کو سفید مکھی کے حملے سے بچا سکتا ہے۔1: سفید مکھی کے موثر کنٹرول کے لیے اس زرعی دوائی (کیمسٹری) کو کپاس کی فصل پر ہرگز (پہلا اور دوسرا) اسپرے نہ کریں جس کا اسپرے اسی فارم کی بہاریہ فصلات پر کیا گیا ہو۔2: جو زرعی دوائی (کیمسٹری) کپاس کے بیج کو کاشت کے وقت لگائی گئی ہو اس کپاس کی فصل پر اس زرعی دوائی (کیمسٹری) کا بھی پہلا اور دوسرا اسپرے ہرگز نہ کریں۔3: ایک زرعی دوائی (کیمسٹری) کو دوبارہ کم از کم چار ہفتہ کے وقفہ سے اسپرے کر سکتے ہیں۔4: جب کپاس کی فصل کا جھنڈ (Canopy) بن جائے تو محلول کو پاور اسپریئر کے ساتھ بحساب 120 لیٹر فی ایکڑ استعمال کریں۔5: سفید مکھی کے موثر تدارک کے لیے دو سے زیادہ زرعی ادویات کے مکسچر کو یکبارا اسپرے نہ کریں۔6: سفید مکھی کے موثر کنٹرول کے لیے ترجیحاً شام کے وقت اسپرے کریں اور نقصان کی معاشی حد چار تا پانچ بالغ یا بچے یا دونوں ملا کر فی پتہ کا تعین باقاعدہ پیسٹ سکاؤٹنگ سے کریں۔

☆☆☆☆